MARYLAND DEPARTMENT OF TRANSPORTATION

ٹائٹل VI شکایت فارم

جس کسی شخص کو بھی یہ یقین ہو کہ نسل، رنگ، یا قومی نژاد کی بنیاد پر میری لینڈ محکمۂ نقل و حمل (Maryland Department of Transportation) کی جانب سے اس کے خلاف امتیازی سلوک کیا گیا ہے وہ ایجنسی کی ٹائٹل VI شکایت فارم مکمل کرکے ٹائٹل VI کی شکایت درج کرا سکتا/سکتی ہے۔ میری لینڈ محکمۂ نقل و حمل موصولہ شکایات کی چھان بین مبینہ واقعہ کے بعد زیادہ سے زیادہ 180 دنوں میں کرتا ہے۔ میری لینڈ محکمۂ نقل و حمل ان شکایات پر کارروائی کرے گا جو مکمل ہوں۔

شکایت موصول ہو جانے پر، میری لینڈ محکمۂ نقل و حمل یہ تعین کرنے کے لیے اس کا جائزہ لے گا کہ آیا وہ ہمارے دفتر کے دائرہ اختیار میں ہے۔ شکایت کنندہ کو ایک وصولیابی نامہ ملے گا جس سے انہیں پتہ چلے گا کہ آیا ہمارا دفتر اس شکایت کی چھان بین کرے گا۔

میری لینڈ محکمۂ نقل و حمل کے پاس شکایت کی چھان بین کرنے کے لیے 60 دنوں کا وقت ہوتا ہے۔ اگر معاملے کو حل کرنے کے لیے مزید معلومات درکار ہو تو، میری لینڈ محکمۂ نقل و حمل شکایت کنندہ سے رابطہ کر سکتا ہے۔ شکایت کنندہ کے پاس اس معاملے کے لیے تفویض کردہ تفتیش کار کے نام مطلوبہ معلومات بھیجنے کے لیے خط ملنے کی تاریخ سے 15 دنوں کا وقت ہوتا ہے۔ اگر شکایت کنندہ کی جانب سے 15 دنوں کے اندر تفتیش کار سے رابطہ نہیں کیا جاتا ہے یا اضافی معلومات موصول نہیں ہوتی ہے تو، میری لینڈ محکمۂ نقل و حمل انتظامی لحاظ سے معاملے کو بند کر سکتا ہے۔ کوئی معاملہ اس صورت میں بھی انتظامی لحاظ سے بند کیا جا سکتا ہے جب شکایت کنندہ اس معاملے کو آگے بڑھانے کا مزید خواہاں نہ ہو۔

تفتیش کار کے ذریعہ شکایت کا جائزہ لیے جانے کے بعد، وہ شکایت کنندہ کے نام دو میں سے ایک خط: کلوزر لیٹر یا لیٹر آف فائنڈنگ (LOF) جاری کرے گا یا کرے گی۔ کلوزر لیٹر میں الزامات کا خلاصہ ہوتا ہے اور وہ یہ بتاتا ہے کہ ٹائٹل VI کی خلاف ورزی نہیں ہوئی تھی اور معاملہ بند کر دیا جائے گا۔ LOF میں الزامات کا خلاصہ اور مبینہ واقعہ کے سلسلے میں انٹرویوز ہوتے ہیں، اور اس میں یہ وضاحت ہوتی ہے کہ آیا کوئی تادیبی کارروائی، عملہ کے رکن کی اضافی تربیت یا دیگر کارروائی کی جائے گی۔ اگر شکایت کنندہ اس فیصلے پر اپیل کرنا چاہے تو، اس کے پاس سکریٹری برائے میری لینڈ محکمۂ نقل و حمل یا سکریٹری کے قائم مقام کے پاس ایک تحریری درخواست جمع کرانے کے لیے کلوزر لیٹر یا LOF کی تاریخ کے بعد 10 دنوں کا وقت ہوتا ہے جیسا کہ کلوزر لیٹر یا LOF میں بیان کیا گیا ہے۔

کوئی شخص فیڈرل ٹرانزٹ ایڈمنسٹریشن کے پاس FTA Office of Civil Rights, 1200 New Jersey Avenue SE, Washington, DC 20590 کے پتے پر براہ راست بھی شکایت درج کروا سکتا ہے۔

اگر کسی دیگر زبان میں معلومات درکار ہے تو، شیریبر ٹرانسلیشنز انک سے 1-800-822-3213 پر یا Ad-Astra, 301-408-4242 یا 1-800-308-4807 پر رابطہ کریں۔